Australian Government
Department of Education and Training

# بالغ تارکین وطن کیلئے انگلش کے پروگرام (Adult Migrant English Program) کے ذریعے انگلش سیکھیں

## Adult Migrant English Program

انگلش آسٹریلیا کی قومی زبان ہے۔ آسٹریلیا میں لوگ بہت سی زبانیں بولتے ہیں لیکن انگلش بولنے اور سمجھنے کے باعث آپ کو آسٹریلیا کی زندگی میں بھرپور طور پر شریک ہونے میں مدد ملے گی۔ انگلش کے بغیر آپ کو آسٹریلین شہریت حاصل کرنے، اہم خدمات تک رسائی اور خودمختار بننے میں مشکل پیش آئے گی۔

انگلش سیکھنے میں مدد کیلئے، شاید آپ کیلئے Adult Migrant English Program, AMEP میں شریک ہونا ممکن ہو۔

## AMEP کیا ہے؟

AMEP کیلئے آسٹریلین حکومت مالی وسائل دیتی ہے اور یہ اہل تارکین وطن اور انسانی ہمدردی کی بنیاد پر آنے والوں کو 510 گھنٹوں تک انگلش زبان کی مفت کلاسیں فراہم کرتا ہے۔ اگر آپ کو مستقل ویزا یا اہل عارضی ویزا ملا ہے اور آپ بہت تھوڑی انگلش بولتے ہیں یا انگلش نہیں بولتے تو آپ AMEP کیلئے اہل ہو سکتے ہیں۔ 15 اور 17سال عمر کے درمیان کچھ تارک وطن نوجوان بھی اہل ہو سکتے ہیں۔

AMEP کلاس میں آپ انگلش زبان کی مہارتیں اور آسٹریلین معاشرے کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے۔ آپ نئے آنے والے دوسرے لوگوں سے ملیں گے اور شاید آپ نئے دوست بھی بنائیں۔ ان سب چیزوں سے آپ کو اور آپ کے خاندان کو کامیابی سے آسٹریلیا میں آباد ہونے میں مدد ملے گی۔ اگر آپ آسٹریلیا میں کام کرنا چاہتے ہوں تو بھی انگلش زبان کی مہارت بہت اہم ہے۔

AMEP کورس منظور شدہ سروس پرووائیڈر کرواتے ہیں اور ایسے اساتذہ تعلیم دیتے ہیں جنہیں دوسری زبانیں بولنے والوں کو انگلش سکھانے کی تربیت حاصل ہوتی ہے۔

## میں داخلہ کیسے لوں؟

AMEP کے ذریعے انگلش زبان کی تعلیم حاصل کرنے کیلئے ضروری ہے کہ آپ آسٹریلیا آنے کے بعد یا اپنے ویزے کے آغاز کے بعد سے 6 مہینوں کے اندر ایک منظور شدہ AMEP سروس پرووائیڈر کے پاس خود کو رجسٹر کریں۔ آپ کو آسٹریلیا آنے کے بعد یا ویزے کے آغاز کے بعد سے 12 مہینوں کے اندر انگلش کلاسیں شروع کرنی ہوں گی۔

آسٹریلیا آنے یا ویزے کے آغاز کے دن بعد سے AMEP کے ذریعے انگلش سیکھنے کیلئے آپ کے پاس 5 سال ہیں۔ آپ کی ضروریات پر منحصر، آپ مزید کلاسیں لینے کیلئے اہل ہو سکتے ہیں۔

آپ کا سروس پرووائیڈر آپ کو ایسی کلاس چننے میں مدد دے گا جو آپ کی ضروریات کے لحاظ سے مناسب ترین ہو تاکہ آپ کیلئے بہترین ممکن نتیجہ یقینی بنایا جائے۔ مختلف اوقات اور مختلف مقامات پر فل ٹائم اور پارٹ ٹائم کلاسیں ہوتی ہیں لہذا آپ کو جب اور جہاں سہولت ہو، آپ اسی لحاظ سے انگلش سیکھ سکتے ہیں۔

## پڑھائی کی دو لائنیں **(Tuition streams)**

آپ کی ضروریات بہتر طور پر پوری کر پانے کیلئے آپ کا AMEP سروس پرووائیڈر آپ کو پڑھائی کی دو سٹریمز یعنی لائنوں میں سے ایک چننے میں مدد دے گا:

- پری ایمپلائمنٹ (حصول روزگار سے پہلے کی) انگلش سٹریم – ان کلائنٹس کیلئے جو ملازمت پر استعمال کے لائق انگلش یا ایسی مزید تربیت کیلئے انگلش کی صلاحیت حاصل کرنا چاہتے ہیں جو انہیں پائیدار روزگار دلا سکے۔
- سوشل انگلش سٹریم – ان کلائنٹس کیلئے جو بول چال کی انگلش میں اپنی اہلیت بہتر بنانا چاہتے ہیں تاکہ انہیں سماجی شمولیت میں مدد ملے اور اپنے مقامی معاشرے میں خودمختارانہ طور پر زندگی گزارنے کا اعتماد حاصل ہو۔

آپ اپنے لیے قانون میں طے کردہ 510 گھنٹوں کے حق کو کسی ایک سٹریم میں یا دونوں سٹریمز کو ملاتے ہوئے استعمال کر سکتے ہیں۔

جن کلائنٹس کو دو طرفہ فرائض کے تقاضوں کے ساتھ آمدنی میں مدد کیلئے پیسے ملتے ہوں، وہ سوشل انگلش سٹریم کیلئے اہل نہیں ہوں گے۔

## اگر میں کلاس میں نہ جا سکتا/سکتی ہوں تو؟

اگر آپ کلاس کیلئے نہ پہنچ سکتے ہوں تو اپنے AMEP سروس پرووائیڈر سے بات کریں۔ ممکن ہے سروس پرووائیڈر آپ کو ہوم ٹیوٹر یا AMEP استاد کی مدد کے ساتھ فاصلاتی تعلیم کی آن لائن کلاس کے ذریعے انگلش سیکھنے میں مدد دے۔

آپ www.amepdl.net.au پر اپنی رفتار سے آن لائن تعلیم کے ای لرننگ ماڈیولز (AMEP self-paced e-learning modules) استعمال کرتے ہوئے بھی تعلیم حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ مفت اسباق سب لوگوں کیلئے دستیاب ہیں (نہ کہ صرف AMEP کلائنٹس کیلئے ہیں) تاکہ لوگوں کو انگلش سیکھنے میں مدد ملے۔

## AMEP کے ذیلی پروگرام

اگر آپ خاص ضروریات رکھتے ہوں تو آپ اضافی تعلیم پانے کے اہل ہو سکتے ہیں۔

## تیاری کا خصوصی پروگرام (Special Preparatory Program)

Special Preparatory Program (SPP) انسانی ہمدردی کی بنیاد پر آنے والے ان اہل تارکین وطن کو اضافی گھنٹے اور مدد فراہم کرتا ہے جنہیں ترک وطن سے پہلے مشکل تجربات سے واسطہ پڑا ہو اور جن کی تعلیم محدود ہو۔

## نئے آبادکاروں کو روزگار اور تربیت کیلئے زبان سکھانے کا پروگرام

## (Settlement Language Pathways to Employment and Training)

Settlement Language Pathways to Employment and Training (SLPET) اہل طالبعلموں کو حصول روزگار کے پیش نظر ایک پروگرام فراہم کرتا ہے جس میں انہیں پیشوں کی مخصوص انگلش سیکھنے کیلئے مدد ملتی ہے اور ساتھ ساتھ وہ آسٹریلیا میں روزگار کے مقامات کے کلچر اور طور طریقوں سے بھی واقفیت حاصل کرتے ہیں۔

SLPET پیشوں کی مخصوص انگلش سیکھنےکیلئے 200 تک اضافی گھنٹے مہیا کرتا ہے جس میں بہت سے مختلف پیشوناور صنعتوں میں کام کا تجربہ دلانے والی ملازمت کے 80 تک گھنٹے بھی شامل ہیں۔

## اضافی تعلیم (AMEP Extend)

آپ AMEP Extend پروگرام ان اہل طالبعلموں کو 490گھنٹوں تک اضافی تعلیم پیش کرتا ہے جو اپنے 510 گھنٹوں کا حق استعمال کر چکنے کے بعد بھی انگلش زبان میں مہارت کے اہداف پورے نہ کر پائے ہوں۔

## چھوٹے بچوں کی دیکھ بھال (AMEP child care)

آپ کے کلاس لینے کے دوران آپ کا AMEP سروس پرووائیڈر آپ کے بچوں کیلئے دیکھ بھال کا مفت انتظام کر سکتا ہے۔ بچوں کی مفت دیکھ بھال صرف ان بچوں کو فراہم کی جاتی ہے جو سکول کی عمر کو نہ پہنچے ہوں۔

## آئندہ مواقع کیلئے رہنمائی (AMEP pathway guidance)

AMEP سروس پرووائیڈر آپ کو اہداف طے کرنے، اپنے لیے کھلے مواقع سمجھنے اور اپنی تعلیم، آئندہ تعلیم اور ملازمت کے امکانات کے حوالے سے فیصلے کرنے میں مدد دینے کیلئے پاتھ وے گائیڈنس یعنی آئندہ مواقع کیلئے رہنمائی فراہم کرتا ہے۔

## مزید معلومات کیلئے

| AMEP | رابطے کی تفصیلات |
| --- | --- |
| فون | 13 38 73 |
| AMEP Website | www.education.gov.au/amep |
| ای میل | skilling@education.gov.au |
| انگلش کے علاوہ دوسری زبانوں میں معلومات | www.education.gov.au/amep-information-other-languages |
| میں انگلش کہاں سے سیکھ سکتا/سکتی ہوں؟ AMEP فراہم کرنے والے ادارے اور تعلیمی مراکز | www.education.gov.au/adult-migrant-english-program-service-providers |
| AMEP online | www.amepdl.net.au |